## کوئی بھی عوامی منصب تحریک اورعوام کی امانت ہوتا ہے۔الطاف حسین

## تحریک کے اصولوں پرعمل نہ کرنااوراپنے فرائض دیانتداری سے انجام نہ دیناتحریک سے بیوفائی اور عوام کے ووٹوں کی امانت میں خیانت ہے جسے کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جاسکتا

## لندن میں حق پرست نمائندوں اوررابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔ 21 اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ کوئی بھی عوامی منصب تحریک اورعوام کی امانت ہوتا ہےاورتحریک کے اصولوں پرعمل نہ کرنااوراپنے فرائض دیانتداری سے انجام نہ دیناتحریک سے بیوفائی اورعوام کے ووٹوں کی امانت میں خیانت ہے جسے کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ جناب الطاف حسین نے یہ بات آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سے ملاقات کیلئے آنے والے سندھ کے وزیرمحنت عادل صدیقی ،صدرٹاؤن کے ناظم محمد دلاور،حق پرست رکن سندھ اسمبلی فرحینہ عنبرین اوردیگرتنظیمی شعبوں کے ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق،سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاوید،رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد،محمد انور، طارق میر، جاوید کاظمی، مصطفےٰ عزیزآبادی،آصف صدیقی اوردیگرذمہ داران بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ ملک کی دیگرسیاسی ومذہبی جماعتیں الیکشن کے موقع پرقربانیاں دینے والے اپنے کارکنوں کوپارٹی ٹکٹ دینے کے بجائے پارٹی ٹکٹ لاکھوں روپے میں فروخت کرتی ہیں جوکہ غریب ومتوسط طبقہ کے کسی کارکن کیلئے ممکن نہیں ہوتا جبکہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جوپارٹی ٹکٹ فروخت نہیں کرتی بلکہ امیدوارکی انتخابی مہم کے اخراجات بھی خود ہی برداشت کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ تحریک کے پلیٹ فارم سے منتخب ہونیوالے نمائندوں کا یہ اولین فرض ہے کہ وہ تحریک کے اصولوں پرعمل کریں،اپنے فرائض ایمانداری اوردیانتداری سے انجام دیں اورذاتی مفادات کے حصول میں کوشاں ہونے کے بجائے عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے ایک رکن سندھ اسمبلی اوردوحق پرست ٹاؤن ناظمین سے استعفے لئے جانے کے حوالے سے کہا کہ کوئی بھی عوامی منصب تحریک اورعوام کی امانت ہوتا ہےاورتحریک کے اصولوں پرعمل نہ کرنااوراپنے فرائض دیانتداری سے انجام نہ دیناتحریک سے بیوفائی اورعوام کے ووٹوں کی امانت میں خیانت ہے جسے کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے تمام منتخب حق پرست نمائندوں سے کہا کہ وہ تحریکی اصولوں کی سختی سے پابندی کریں،اپنے فرائض نہایت ایمانداری اوردیانتداری سے انجام دیں،عوام کی بھرپورخدمت کریں اورعوام کے اعتماد کوکسی بھی قیمت پرٹھیس نہ پہنچائیں۔

## علامہ اقبال مذہبی انتہاپسندی اورملائیت کے خلاف تھے۔الطاف حسین

## علامہ اقبال نے مذہبی رواداری اوراعتدال پسندی کی جوفکرپیش کی ہے اسے عام کیا جائے،علامہ اقبال کی برسی پر بیان

لندن۔۔۔ 21 اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ علامہ اقبال ایک بین الاقوامی شاعراورمفکرہی نہیں بلکہ اعتدال پسند دانشورتھے لہٰذا علامہ اقبال کی اعتدال پسندی پرمبنی فکرکوعام کیا جائے۔ علامہ اقبال کی برسی کے موقع پراپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے جاگیردارطبقہ نے ایک سازش کے تحت علامہ اقبال کوایک مذہبی رواداری اوراعتدال پسندی پریقین رکھنے والے بین الاقوامی شاعر،مفکراوردانشورکے بجائے ان کی ایک ایسی تصویرپیش کی کہ جیسے علامہ اقبال خدانخواستہ مذہبی انتہاپسند تھے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ علامہ اقبال مذہبی انتہاپسندی اورملائیت کے خلاف تھےاورمذہبی رواداری پریقین رکھتے تھے لیکن ان کی اصل سوچ وفکرکوقوم سے دوررکھا گیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے مذہبی رواداری اوراعتدال پسندی کی جوفکرپیش کی ہے اس کوعام کیا جائے اورعلامہ اقبال کی شخصیت،شاعری اورفکروفلسفہ کی اصل تصویرکوقوم کے سامنے پیش کیا جائے۔

## حق پرست عوام،قاضی محمد عمرکی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔21،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد ایلڈرزونگ کے سینئررکن اورایم کیوایم یونٹ B-1 کے انچارج قاضی محمد اصغرکے والد قاضی محمد عمرکی علالت پرگہری تشویش کا اظہارکیا ہے اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ قاضی محمد عمرکی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی میں مزید پانچ ارکان کااضافہ

## بابرغوری، عادل صدیقی، اشفاق منگی، نیک محمداورڈاکٹرعاصم رضا کورابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا

## اسحاق فلسطینی کوایم کیوایم کی تنظیمی کمیٹی کا انچارج مقررکردیا گیا،الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی ہے

کراچی۔۔۔21،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رابطہ کمیٹی میں توسیع کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی میں مزید پانچ ارکان کے اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن اورپاکستان کے ارکان کے مشترکہ

اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق نے کی ۔ فیصلے کے مطابق حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری،صوبائی وزیر عادل صدیقی،وزیراعلیٰ سندھ کے مشیراورایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اشفاق منگی،ایم کیوایم کی تنظیمی کمیٹی کے انچارج نیک محمد اور تنظیمی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا کورابطہ کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے جبکہ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسحاق فلسطینی کوایم کیوایم کی تنظیمی کمیٹی کا انچارج مقرر کیا گیا ہے ۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی ہے ۔ اس طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی تعداد 25 ہوگئی ہے جن میں سے 9 ارکان لندن میں مقیم ہیں ۔

## مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر حملے کا فوری نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قائد حزب اختلاف اورایم ایم اے کے رہنماء مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر راکٹ سے حملے کی شدید مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر حملے کا فوری نوٹس لیا جائے ،اس واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے اور حملے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے ۔

## زلزلہ متاثرین کیلئے ایم کیوایم امریکہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، قونصل جنرل محسن رضی
## محسن رضی کی تقرری پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں مددگار ثابت ہوگی، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی
## ایم کیوایم نیوجرسی یونٹ کے تحت امریکہ میں نئے قونصل جنرل کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے خطاب

نیوجرسی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

ایم کیوایم اوورسیز امریکہ نیوجرسی یونٹ کی جانب سے نیویارک میں نئے پاکستانی قونصل جنرل محسن رضی کے اعزاز میں ایک استقبالیہ دیا گیا۔تقریب میں پاکستانی قونصل جنرل محسن رضی،ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ،ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی ،سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ، پاکستان سے آئے ہوئے نارتھ ناظم ٹاؤن کے نائب ناظم احسن اللہ خان ،ایم کیوایم نیوجرسی کے نگراں طیب حسین ،ایم کیوایف ، یوایس اے کے انچارج ہدیٰ خان اور سابق صوبائی وزیر عارف صدیقی کے علاوہ ایم کیوایم نیویارک ، نیوجرسی ،فلاڈیلفیا اور ورجینیا یونٹ کے ذمہ داران ، کارکنان اور امریکہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم نارتھ امریکہ یونٹ کے نگراں اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے پاکستانی قونصل جنرل محسن رضی کو بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور امید ظاہر کی کہ ان کی تقرری امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں مددگار ثابت ہوگی ۔ پاکستانی قونصل جنرل محسن رضی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم امریکہ یونٹ کی جانب سے پاکستان اور امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کیلئے گرانقدر خدمات پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ 8، اکتوبر 2005ء میں جس طرح ایم کیوایم امریکہ یونٹ نے زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے عملی خدمات انجام دی ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں ۔انہوں نے امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو یقین دلایا کہ وہ پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ملیر اور شاہ فیصل سیکٹر کے کارکنان کاشف نثار
## اور طارق ایوب کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بنا ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن کاشف نثار ولد نثار الدین اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن طارق ایوب عرف تحسین ولد ایوب خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ اخراج شدہ کارکنان سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 20، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن شمیم سوریا کی ہمشیرہ محترمہ میمونہ اقبال، اے پی ایم ایس او جناح پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ کے سابق جوائنٹ انچارج حسنین عباس کے والد سید یوسف عباس زیدی ،ایم کیوایم اسپیچ کمیٹی کے انچارج وسیم احمد خان کی نانی محترمہ بسم اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## اے پی ایم ایس جناح پولی ٹیکنک کے حسنین عباس سے تنظیم نو کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے جناح پولی ٹیکنک انسٹیٹیوٹ کے سابق جوائنٹ انچارج حسنین عباس کے والد سید یوسف عباس زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ ( آمین )

## باشعور عوام پر ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت مسلط نہیں کی جاسکتی، اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی ے اراکین نے مذہبی انتہاء پسندی اور ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے خلاف کراچی میں نکالی گئی پرامن متحدہ ریلی کی فقید المثال کامیابی پر ملک بھر کے روشن خیال اور اعتدال پسند عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پرامن متحدہ ریلی میں لاکھوں کی تعداد میں عوام نے شرکت کرکے دنیا پر واضح کردیا ہے کہ وہ مذہبی انتہاء پسندی اور کلاشنکوفی شریعت کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبردار پاکستان کے کروڑوں باشعور عوام کی نمائندگی ہرگز نہیں کرسکتے اور نہ ہی باشعور عوام پر ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت مسلط کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے متحدہ ریلی میں بھرپور شرکت پر مختلف قومیتوں، برادریوں، طلباء اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور انہیں دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## رابطہ کمیٹی نے عوامی شکایات پر برنس روڈ سیکٹر کے انچارج ندیم احمد کو تنظیمی ذمہ داری سے سبکدوش کردیا
## برنس روڈ سیکٹر کے جوائنٹ انچارج فیاض حسین کو قائم مقام سیکٹر انچارج مقرر کردیا گیا ہے

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایم کیو ایم برنس روڈ سیکٹر کے انچارج ندیم احمد خان کو ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کردیا ہے اور ان کے حوالے سے عوامی شکایات کی تحقیقات شروع کردی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے برنس روڈ سیکٹر کے جوائنٹ انچارج فیاض حسین کو برنس روڈ سیکٹر کا قائم مقام انچارج مقرر کردیا ہے۔

☆☆☆☆☆